# کیسے ہاجرہ مریم کی عکاسی کرتی ہے؟

یہ ایک مختصر اُبیان ہے کہ کیسے اسمائیل اور ہاجرہ مریم اور عیسیٰ المسیح کی عکاسی کرتے ہیں؟ ہمیں یادرکھنا ہے کہ کیسے عزت کے ساتھ قرآن پاک میں حضرت عیسیٰ المسیح کا ذکر آیا ہے۔ 90 سے زیادہ آیات عیسیٰ المسیح (یسوع مسیح) کے بارے قرآن پاک میں ملتی ہیں۔ یہ پندرہ سورتوں میں پایا جاتا ہے۔ اِس لئے ہمیں اس پر ایک سنجیدہ نظر ڈالنی ہے۔ قرآن پاک عیسیٰ المسیح (یسوع مسیح) کا اکثر ذکر کیوں کرتا ہے اگر یہ آج کے لوگوں کے لئے اہم نہیں ہے؟

قرآن پاک میں ہمیں ملتا ہے کہ قرآن پاک، توریت اور انجیل کے بارے میں بڑی عزت سے بات کرتا ہے۔ تورات اور انجیل کی مقدس کتابوں میں دو عورتوں 'ہاجرہ (ابراہیم کی دوسری بیوی) اور مریم (کنواری مریم اور اُن کے بیٹے اسمائیل اور عیسیٰ المسیح (یسوع مسیح) میں بہت زیادہ مشابہت پائی جاتی ہے۔ قرآن پاک میں تورات کا ذکر 65 دفعہ آتا ہے اور انجیل کا ذکر 44 دفعہ آتا ہے۔ یہی ہمیں اُس کی اہمیت بتاتی ہے قرآن پاک کے مطابق اُن مقدس کتابوں کی عزت و حرمت ایسی ہیں جیسے اللہ کی طرف سے اُتری تھیں۔ اس لئے ہم اِن مقدس کتابوں میں اِن عورتوں اور اُن کے بچوں کا موازنہ کرتے ہیں۔

## 1۔ اسی طرح دونوں عورتیں غیر شادی شدہ تھیں۔

**ہاجرہ:** جو سارَی کے گھر میں ملازمہ تھی۔ پیدائش 1:16 "اور ابرآم کی بیوی سارَی کے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ اُسکی ایک مصری لونڈی تھی جس کا نام ہاجرہ تھا۔" اِسی طرح ہاجرہ کنواری مریم کی عکاسی کرتی ہے جو کہ اپنے کنوارے پن میں بیٹا پیدا کرتی ہے۔

**کنواری مریم:** یسعیاہ 14:7 "لیکن خداوند آپ تم کو ایک نشان بخشیگا۔ دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی۔ اور بیٹا پیدا ہوگا۔ اور وہ اُسکا نام عمانوایل رکھیگی۔" یہ آیت مریم کی پیشنگوئی کرتی ہے۔

## 2۔ دونوں عورتوں کو ملنے خدا کا فرشتہ آیا۔

**ہاجرہ:** پیدائش 7:16 "اور وہ خداوند کے فرشتہ کو بیابان میں پانی کے ایک چشمہ کے پاس ملی۔ یہ وہ چشمہ ہے جو شور کی راہ پر ہے۔"

مریم: لوقا 27,26:1 "چھٹے مہینے میں جبرائیل فرشتہ خدا کی طرف سے گلیل کے ایک شہر میں جسکا نام ناصرۃ تھا۔ ایک کنواری کے پاس بھیجا گیا۔ جس کی منگنی داود کے گھرانے کے ایک مرد یوسف نام سے ہوئی تھی اور اُس کنواری کا نام مریم تھا۔"

## 3۔ دونوں نے آسمانی پیغام کی تابعداری کی۔

**ہاجرہ:** پیدائش 9:16 "خداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا تو اپنی بی بی کے پاس لوٹ جا اور اپنے کو اُسکے قبضہ میں کر دے۔"

**مریم:** لوقا 38:1 "مریم نے کہا دیکھ میں خداوند کی بندی ہوں۔ میرے لئے تیرے قول کے موافق ہو۔ تب فرشتہ اُسکے پاس سے چلا

گیا۔"

## 4۔ دونوں خادمہ تھیں۔

**ہاجرہ:** سارؔی کی خادمہ یا ملازمہ یا لونڈی، پیدایش 1:16 "اور ابرام کی بیوی سارؔی کے کوئی اولاد نہ ہوئی۔ اُسکی ایک مصری لونڈی تھی جسکا نام ہاجرہ تھا۔" اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہاجرہ مریم کی عکاسی کرتی ہے جو اللہ کی بندی ہے اور جس سے عیسیٰ المسیح (یسوع مسیح) پیدا ہونگے۔

**مریم:** اللہ کی بندی، لوقا 38:1 "مریم نے کہا دیکھ میں خداوند کی بندی ہوں۔ میرے لئے تیرے قول کے موافق ہو۔ تب فرشتہ اُسکے پاس سے چلا گیا۔"

## 5۔ دونوں عورتیں بیابان میں مصر کی طرف بھاگیں

**ہاجرہ:** جب سارؔی نے اُس پر ظلم کیا تو وہ مصر کو اپنے پرانے گھر کو بھاگی۔ پیدایش 16:6-7 "ابرام نے سارؔی سے کہا کہ تیری لونڈی تیرے ہاتھ میں ہے جو تجھے بھلا دکھائی دے سو اُسکے ساتھ کر۔ تب سارؔی اُس پر سختی کرنے لگی۔ اور وہ اُسکے پاس سے بھاگ گئی۔ اور وہ خداوند کے فرشتہ کو بیابان میں پانی کے ایک چشمہ کے پاس ملی۔ یہ وہی چشمہ ہے۔ جو شورؔ کی راہ پر ہے۔" ہاجرہ کا یہ واقعہ، مریم کی عیسیٰ المسیح کے ساتھ مصر کو ہجرت کی عکاسی کرتا ہے۔

**مریم:** عیسیٰ المسیح کے ساتھ جب وہ پیدا ہو چکا تھا۔ متی 13:2 "جب وہ روانہ ہو گئے تو دیکھو خداوند کے فرشتہ نے یوسفؔ کو خواب میں دکھائی دیکر کہا اُٹھ، بچے اور اُسکی ماں کو ساتھ لیکر مصر کو بھاگ جا اور جب تک کہ میں تجھ سے نہ کہوں وہیں رہنا۔ کیونکہ ہیرودیسؔ اِس بچے کو تلاش کرنے کو ہے تاکہ اِسے ہلاک کرے۔"

## 6۔ دونوں عورتیں اولاد پیدا کرنے کے لئے چن لی گئی

**ہاجرہ:** پیدایش 2:16, 11 "اور سارؔی نے ابرؔام سے کہا کہ دیکھ خداوند نے مجھے تو اولاد سے محروم رکھا ہے سو تو میری لونڈی کے پاس جا شاید اُس سے میرا گھر آباد ہو اور ابرؔام نے سارؔی کی بات مانی۔ فرشتہ نے اُس سے کہا کہ تو حاملہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا۔"

**مریم:** لوقا 28:1 "اور فرشتہ نے اُسکے پاس اندر آکر کہا سلام تجھ کو جس پر فضل ہوا ہے۔ خداوند تیرے ساتھ ہے۔ لوقا 31:1 "اور دیکھ تو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا اُسکا نام یسوع (عیسیٰ المسیح رکھنا۔"

## 7۔ دونوں عورتوں کو اُن کے بیٹوں کے نام پیدائش سے پہلے بتا دیئے گے تھے۔

**ہاجرہ کا بیٹا:** پیدایش 11:16 "اور خداوند کے فرشتہ نے اُس سے کہا کہ تو حاملہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا۔ اُس کی نام اؔسمٰعیل (خدا سُنے گا) رکھنا۔ اسلئے کہ خداوند نے تیرا دکھ سُن لیا۔" یہ آنے والے لڑکے کی نمائندگی کرتا ہے جس کا نام اللہ خود رکھے گا: عیسیٰ المسیح (یسوع مسیح)

**مریم کا بیٹا:** متی 21:1 "تُو اُس کا نام یسوع رکھنا کیونکہ وہی اپنے لوگوں کو اُنکے گناہوں سے نجات دیگا۔"

## 8۔ دونوں عورتوں کے بیٹے 'پہلوٹھے ' تھے۔

**ہاجرہ:** اسمٰعیل ہاجرہ کا پہلوٹھا تھا۔ پیدایش 15:16 "اور ابرام سے ہاجرہ کے ایک بیٹا ہوا اور ابرام نے اُس بیٹے کا نام جو ہاجرہ سے پیدا ہوا اسمٰعیل رکھا۔"

**مریم:** زبور 27:89 "اور میں اُسکو اپنا پہلوٹھا بناؤنگا۔ اور دینا کا شہنشاہ۔" لوقا 7:2 "اور اُسکا پہلوٹھا بیٹا پیدا ہوا اور اُسکو کپڑے میں لپیٹ کر چرنی میں رکھا۔"

## 9۔ دونوں بیٹوں کو اللہ نے برکت دی۔

**ہاجرہ:** پیدایش 20:17 "اور اسمٰعیل کے حق میں بھی میں نے تیری دُعا سُنی۔ دیکھ میں اُسے برکت دونگا اور اُسے برومند کرونگا۔ اور اُسے بہت بڑھاؤنگا۔ اور اُس سے سردار پیدا ہونگے اور میں اُسے بڑی قوم بناؤنگا۔"

**مریم:** لوقا 28:1 "اور فرشتہ نے اُسکے پاس اندر آ کر کہا سلام تجھ کو جس پر فضل ہوا ہے خداوند تیرے ساتھ ہے۔"

## 10۔ دونوں عورتیں اپنے بیٹوں کی تکلیف سے غم زدہ ہوئی۔

**ہاجرہ:** پیدایش 16-15:21 "اور جب مشک کا پانی ختم ہو گیا تو اُس نے لڑکے کو ایک جھاڑی کے نیچے ڈال دیا۔ اور آپ اُسکے مقابل ایک تیر کے ٹپے پر دُور جا بیٹھی اور کہنے لگی کہ میں اِس لڑکے کا مرنا تو نہ دیکھوں۔ سو وہ اُس کے مُقابل بیٹھ گئی اور چلّا چلّا کر رونے لگی۔" یہ مریم کے دکھ کو جو اُس کو اُس کے بیٹے (عیسیٰ المسیح) کی وجہ سے ملا کی عکاسی کرتا ہے۔

**مریم:** گلگتا پر جب اُس کا بیٹا صلیب پر مر رہا ہے، یوحنا 28:19 "اِسکے بعد جب یسوع نے جان لیا کہ اب سب باتیں تمام ہوئیں تا کہ نوشتہ پورا ہو تو کہا کہ میں پیاسا ہوں۔"

## 11۔ دونوں بیٹے مسترد کیئے گے۔

**ہاجرہ کا بیٹا:** سارہ سے مسترد کیا گیا جو ابرہیم کی پہلی بیوی تھی۔ پیدایش 10:21 "تب اُس نے ابرہام سے کہا کہ اِس لونڈی کو اور اُسکے بیٹے کو نکال دے کیونکہ اِس لونڈی کا بیٹا میرے بیٹے اِضحاق کے ساتھ وارث نہ ہوگا۔" یہ عیسیٰ المسیح کی اسرائیل (یہودیوں) سے مسترد ہونے کی طرح ہے۔

**مریم کا بیٹا:** عیسیٰ المسیح (یسوع مسیح) یہودیوں سے مسترد ہوا۔ یہ اُس وقت کی اللہ کی قائم کردہ مذہبی جماعت تھی لیکن اُنہوں نے عیسیٰ المسیح، نجات دہندہ کو رد کر دیا۔ یوحنا 15:19 "پس وہ چلائے کہ لیجا! لیجا! اُسے مصلوب کر! پیلاطُس نے اُن سے کہا کیا میں تمھارے بادشاہ کو مصلوب کروں۔ سردار کاہنوں نے جواب دیا کہ قیصر کے سوا ہمارا کوئی بادشاہ نہیں۔"

## 12۔ دونوں بیٹوں نے گھر کو چھوڑا۔

**اسمٰعیل:** جو پہلوٹھا تھا گھر سے نکال دیا گیا بغیر میراث، عزت اور تحفظ کے۔ پیدائش 10:21 " کہ اِس لونڈی کو اور اُسکے بیٹے کو نکال

دے کیونکہ اِس لونڈی کا بیٹا میرے بیٹے اِضحاق کے ساتھ وارث نہ ہوگا۔" یہ عیسیٰ المسیح کا آسمان کو چھوڑ کر بد کار دینا میں آنے کی طرح ہے۔

**عیسیٰ المسیح**: یہاں ایک واضح فرق ہے یسوع مسیح اپنی مرضی سے آسمانی جلال، عزت اور تحفظ چھوڑ کر آتا ہے۔ جی ہاں یسوع المسیح آسمان کو چھوڑ کر زمین پر آیا۔ زبور 44:89 "تُو (اللہ) نے اُسکی رونق اُڑا دی اور اُسکا (عیسیٰ المسیح) تخت خاک میں ملا دیا۔"

## 13۔ دونوں بیٹے جیسے پرورش پاتے ہیں اللہ کی حفاظت میں رہے۔

**اسمٰعیل**: پیدایش 21:21 "اور خُدا اُس لڑکے کے ساتھ تھا اور وہ بڑا ہوا۔ اور بیابان میں رہنے لگا۔ اور تیر انداز بنا۔"

**عیسیٰ المسیح**: لوقا 40:2 "اور وہ لڑکا بڑھتا اور قوت پاتا گیا اور حکمت سے معمور ہوتا گیا۔ اور خدا کا فضل اُس پر تھا۔"

## 14۔ دونوں بیٹے اپنے باپ سے الگ ہو گے اور اِس سے بڑا دکھ پایا۔

**اسمٰعیل**: اپنے باپ ابراہام سے الگ ہو گیا اور ابراہام کو اُس کا بہت دکھ لگا۔ پیدایش 11:21 "پر ابراہام کو اُسکے بیٹے کے باعث یہ بات نہایت بُری معلوم ہوئی۔" اور یہ اُس دکھ کی طرح ہے جو آسمانی باپ اپنے بیٹے عیسیٰ المسیح سے صلیب پر جدا ہوا۔

**عیسیٰ المسیح**: اِس کے اِس گناہ والی دنیا میں اپنی مرضی سے آنا اور بنی نوح انسان کے گناہ اپنے اوپر لے لینے نے ہی آسمانی باپ کو جدا کر دیا۔ متی 46:27 "اور تیسرے پہر کے قریب یسوع نے بڑی آواز سے چلا کر کہا۔ ایلی۔ایلی۔ لما سبقتنی؟ یعنی اے میرے خُدا! اے میرے خُدا! تُو نے مجھے کیوں چھوڑ دیا؟ متی 43:27

## 15۔ دونوں بیٹوں نے بیابان میں وقت گزارا۔

**اسمٰعیل**: پیدایش 14:21 "تب ابرہام نے صُبح سویرے اُٹھ کر روٹی اور پانی کی مشک لی اور اُسے ہاجرہ کو دیا بلکہ اُسے اُسکے کندھے پر دھر دیا اور لڑکے کو بھی اُسکے حوالہ کر کے اُسے رُخصت کر دیا۔ سو وہ چلی گئی اور بیر سبع کے بیابان میں آوارہ پھرنے لگی۔"

متی 1:4 "اِس وقت روح یسوع کو جنگل میں لے گیا تا کہ ابلیس سے آزمایا جائے۔"

ہمارا جواب کیا ہونا چاہیے؟ اللہ نے ابراہام کی نسل سے جو اسمٰعیل سے ہیں فرمایا ہے۔ اللہ تمام انسانوں کے لئے اور محبت سے عیسیٰ المسیح جو نسلِ انسانی کا نجات دہندہ ہے کو اسمٰعیل کی نسل کے لئے پیش کرتا ہے۔ اللہ نے کسی کو اندھیرے میں نہیں چھوڑا۔ بلکہ دوسرا ہمارے نزدیک آتا ہے۔ بیابان میں ہمارے لئے چشمہ پھوٹا ہے پیو اور پیاس بجاؤ۔ کاش تم اپنے دل سے ایمان لاؤ کہ اللہ نے عیسیٰ المسیح کو بھیجا۔ جو مقدس تمھارا نجات دہندہ، شفاعت کرنے والا، شافی، ولی، حفاظت کرنے والا اور گناہ سے نجات دینے والے ہے۔

R.M. Harnisch